وزیراعظم نے نامیبیا کے صدر سے ملاقات کی (جولائی 09، 2025)

جولائی 09، 2025

نامیبیا کے اپنے سرکاری دورے کے موقع پر، وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج نامیبیا کی صدرعزت مآب ڈاکٹر نیتمبو ننڈی ندایتواہ سے ونڈہوک میں واقع اسٹیٹ ہاؤس میں ملاقات کی. اسٹیٹ ہاؤس پہنچنے پر صدر ننڈی ندایتواہ نے وزیر اعظم کا گرمجوشی سے کا استقبال کیا اور انہیں رسمی استقبالیہ دیا گیا۔ وزیر اعظم کی سطح پر بھارت سے نامیبیا کا یہ دورہ 27 سال بعد ہوا ہے. یہ پہلا دوطرفہ سرکاری دورہ بھی تھا جس کی میزبانی صدر ننڈی ندیتواہ نے اس سال مارچ میں عہدہ سنبھالنے کے بعد کی تھی.

2. وزیر اعظم نے نامیبیا کی سربراہ مملکت منتخب ہونے پر صدر ننڈی ندایتواہ کو مبارکباد دی. دونوں رہنماؤں نے اس قابل فخر تاریخ کو یاد کیا جو دوطرفہ تعلقات کی بنیاد ہے. وزیراعظم نے نامیبیا کے بانی ڈاکٹر سیم نجوما کے اس سال انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا. دونوں رہنماؤں نے دفاع، بحری سلامتی، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور یو پی آئی، زراعت، صحت اور فارما، توانائی اور اہم معدنیات کے شعبوں سمیت دو طرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر بات چیت کی.

3.دوطرفہ تجارت میں اضافے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے، رہنماؤں نے کہا کہ اس معاملہ میں مکمل صلاحیت کا استعمال کرنا باقی ہے. اس سلسلے میں انہوں نے انڈیا -SACU PTA پر بات چیت کو تیز کرنے پر زور دیا. وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت نامیبیا کے ماہرین کے لیے صلاحیت سازی کے پروگراموں کے ذریع ترقیاتی تعاون کی کوششوں کو تیز کرے گا اور نامیبیا میں مینوفیکچرنگ سہولیات کے قیام میں شراکت کی تلاش کرے گا. وزیر اعظم نے زراعت، انفارمیشن ٹکنالوجی، سائبر سیکیورٹی، صحت کی دیکھ بھال، تعلیم، خواتین کو بااختیار بنانے اور بچوں کی بہبود کے شعبوں میں فوری اثر والے ترقیاتی منصوبوں کے لیے بھارت کی ’حمایت کی پیشکش کی. وزیر اعظم نے زرعی مقاصد کے لیے ڈرون کے استعمال میں بھارت کے تجربے کا اشتراک کیا، یہ ایک ایسا منصوبہ ہے جو نامیبیا کے لیے فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے.

4. وزیر اعظم نے بھارت میں چیتا کے تحفظ کے منصوبے‘ میں نامیبیا کی حمایت کے لیے صدر ننڈی ندیتواہ کا شکریہ ادا کیا. انہوں نے نامیبیا کو انٹرنیشنل بگ کیٹ الائنس میں شامل ہونے کی دعوت بھی دی.

5. دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا. وزیر اعظم نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد بھارتیہ عوام کے ساتھ بھرپور حمایت اور یکجہتی کے لیے نامیبیا کا شکریہ ادا کیا. انہوں نے دہشت گردی کے خلاف عالمی جنگ کو مضبوط بنانے پر اتفاق کیا. انہوں نے گلوبل ساؤتھ کی آواز کو بڑھانے کے لیے مل کر کام کرنے کا عہد بھی کیا.

6. بات چیت کے بعد، دونوں رہنماؤں نے صحت اور صنعت کاری کے شعبوں میں دو مفاہمتی یادداشتوں کے تبادلے کا مشاہدہ کیا. اس کے علاوہ، یہ اعلان کیا گیا کہ نامیبیا نے کولیشن فار ڈیزاسٹر ریزیلینٹ انفراسٹرکچر اینڈ گلوبل بائیو فیول میں شمولیت اختیار کی ہے، اور یو پی آئی ٹیکنالوجی کو اپنانے کے لیے لائسنسنگ معاہدہ کرنے والا پہلا ملک بن گیا ہے.

7. صدر ننندی ندیتواہ نے وزیر اعظم کے اعزاز میں ضیافت کا اہتمام کیا. وزیر اعظم نے انہیں باہمی طور پر آسان وقت پر بھارت کا دورہ کرنے کی دعوت دی.

ونڈہوک
جولائی 09، 2025